Series #CDBA

**SET-4**

کوڈ .Q.P.
Q.P. Code **5A**

رول نمبر
Roll No. | | | | | | | | |

امیدوار .Q.P. کوڈ کو جوابی کاپی کے سرورق پر ضرور لکھیں۔
Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ لیجیے کہ اس سوالنامے میں چھپے صفحات کی تعداد 11 ہے۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ سوالنامے میں چھپے سوالات کی تعداد 18 ہے۔
- سوالنامہ کے داہنی طرف چھپا .Q.P کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا لازمی ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر جوابی کاپی پر ضرور لکھیں۔**
- سوالنامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوالنامے کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

# اُردو (کورس A)

# URDU (Course A)

مقررہ وقت : *3* گھنٹے
*Time allowed : **3** hours*

کل نمبر : *80*
*Maximum Marks : **80***

عام ہدایات:

(i) اس سوالنامے میں کل **18** سوالات ہیں، جن کو **04** حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

(ii) **حصہ-الف** : سوال نمبر **01** تا **04**

(iii) **حصہ-ب** : سوال نمبر **05** تا **09**

(iv) **حصہ-ج** : سوال نمبر **10** تا **14**

(v) **حصہ-د** : سوال نمبر **15** تا **18**

(vi) مخصوص ہدایات کے مطابق سوالات کے جواب دیجیے۔

(vii) جواب لکھنے سے پہلے جوابی کاپی پر سوال نمبر ضرور لکھیے۔

**General Instructions :**

(i) This Question Paper contains **18** Questions and divided into **4** Sections.
(ii) **Section – A** : Q. No. **01** to **04**
(iii) **Section – B** : Q. No. **05** to **09**
(iv) **Section – C** : Q. No. **10** to **14**
(v) **Section – D** : Q. No. **15** to **18**
(vi) Answer the Questions as per the specific instructions.
(vii) Write Serial No. of Question just before attempting its answer.

## حصہ – الف: عبارت فہمی اور شعر فہمی (20 نمبر)

## SECTION – A : Reading and Comprehension (20 Marks)

1. مندرجہ ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے: **5 × 1 = 5**

سب میوزیم دیکھنے لگے۔ یہاں ہر قسم کی چیزوں کے لیے الگ الگ کمرے اور گیلریاں بنائی گئی ہیں۔ ایک گیلری میں مجسمے، دوسری میں قیمتی پتھر، تیسری میں برتن وغیرہ ہیں........ایک کمرے میں سالار جنگ کی ذاتی اشیا کی بھی نمائش کی گئی ہے۔ اِس میں اُن کو پیش کیے جانے والے تمغے، زردوزی کی شیروانیاں اور خوب صورت مسند ہے۔ اسی کمرے میں سالار جنگ سوئم میر یوسف علی خاں کی ایک بڑی تصویر بھی ہے۔ ساتھ ہی نواب صاحب کے کپڑے، کتابیں، فرنیچر اور دیگر اشیاء بھی دیکھی جا سکتی ہیں۔ میوزیم میں دوسری یا تیسری صدی کا گوتم بدھ کا مجسمہ اور مختلف مذاہب کے دیوی دیوتاؤں کی پتھر، کانسے اور لکڑی سے بنی ہوئی مورتیاں بھی موجود ہیں۔ ان کے علاوہ اٹلی، جرمنی اور فرانس سے خریدے گئے کچھ مشہور مجسمے بھی ہیں۔

(i) میوزیم کی کس گیلری میں قیمتی پتھر ہیں؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے:

(a) پہلی (b) دوسری

(c) تیسری (d) چوتھی

(ii) درج ذیل میں تین چیزوں کی صفت (خوبی) بیان کی گئی ہے۔ان میں سے وہ ایک چیز تلاش کر کے لکھیے جس کی صفت نہیں بتائی گئی:

(a) قیمتی پتھر (b) خوب صورت مسند

(c) زردوزی کی شیروانی (d) بڑی تصویر

(iii) سوئم کے کیا معنی ہیں؟(ایک لفظ میں جواب لکھیے)

(iv) گوتم بدھ کا مجسمہ کس صدی کا ہے؟(ایک جملے میں جواب لکھیے)

(v) میوزیم میں کن ملکوں کے مشہور مجسمے ہیں؟(ایک جملے میں جواب لکھیے)

.2 درج ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے: **5 × 1 = 5**

برسات کا بج رہا ہے ڈنکا
اک شور ہے آسماں پہ برپا
پانی سے بھرے ہوئے ہیں جل تھل
ہے گونج رہا تمام جنگل
کرتے ہیں پپیہے پیہو پیہو
اور مور چنگھاڑتے ہیں ہر سوٗ
کوئل کی ہے کوک جی لبھاتی
گویا کہ ہے دل میں بیٹھ جاتی
مینڈک جوہیں بولنے پہ آتے
سنسار کو سر پہ ہیں اٹھاتے

(i) اقتباس میں کتنے پرندوں کے نام آئے ہیں؟درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے:

(a) دو (b) تین

(c) چار (d) پانچ

(ii) جنگل گونجنے کی کیا وجہ ہے؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے:

(a) ڈنکا بجنا (b) گھٹا چھانا

(c) پانی بھرنا (d) کوئل کوکنا

(iii) سنسار کو سر پہ کون اٹھا رہے ہیں؟ ایک لفظ میں جواب دیجیے۔

(iv) برسات میں آسمان کا کیا حال ہے؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) کوئل کی کوک دل میں کیوں بیٹھ گئی؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

3. درج ذیل درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالات کے جواب دیجیے: $5 \times 1 = 5$

مجھے کسی کام کی وجہ سے دیر ہوگئی تھی۔ دیر سے روانہ ہونے پر شب کی تاریکی میں میں اپنا راستہ گم کر بیٹھا تھا۔ یکایک مجھے ایک جانب سے روشنی آتی دکھائی دی۔ میں اس کی جانب بڑھا۔ اس خوفناک تاریکی میں پرس پور سے آنے والی سڑک پر بھولے کو بتی پکڑے ہوئے کانٹوں میں الجھے ہوئے دیکھ کر میں ششدر رہ گیا۔ میں نے اس کے اس وقت وہاں ہونے کا سبب پوچھا تو اس نے جواب دیا کہ "باباجی نے آج دوپہر کے وقت کہانی سنائی تھی اور کہا تھا کہ دن کے وقت کہانی سنانے سے مسافر راستہ بھول جاتے ہیں۔ تم دیر تک نہیں آئے تو میں نے یہی جانا کہ تم راستہ بھول گئے ہوگے۔ اور بابا نے کہا تھا اگر کوئی مسافر راستہ بھول گیا تو تم ذمہ دار ہوگے نا!!"

(i) یہ اقتباس افسانہ 'بھولا' سے لیا گیا ہے۔ اس کا مصنف کون ہے؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے:

(a) مولوی عبدالحق (b) سعادت حسن منٹو

(c) راجندر سنگھ بیدی (d) محمد اسلم پرویز

(ii) اقتباس میں لکھی ہوئی باتیں کون کہہ رہا ہے؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے:

(a) بھولا (b) دادا جی

(c) ماموں جی (d) ماتا جی

(iii) اقتباس میں لفظ ''تاریکی'' کا کیا مطلب ہے؟ ایک لفظ میں جواب دیجیے۔

(iv) سڑک پر بھولا کس حال میں تھا؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) مسافر کے راستہ بھول جانے کی باباجی نے کیا وجہ بتائی؟ ایک جملے میں جواب دیجیے۔

4. درج ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے: **5 × 1 = 5**

اچھے اچھوں کو بھٹکا دیکھا — بھیڑ میں کھاتے جھٹکا دیکھا
منھ کو اگرچہ لٹکا دیکھا — دل دربار سے اٹکا دیکھا

ہاتھی دیکھے بھاری بھرکم — ان کا چلنا کم کم تھم تھم
زرّیں جھولیں نور کا عالم — میلوں تک وہ چم چم چم چم

(i) مندرجہ بالا اشعار نظم ''جلوۂ دربارِ دہلی'' سے لیے گئے ہیں۔ اس نظم کا شاعر کون ہے؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے:

(a) نظیر اکبر آبادی (b) اکبر الہ آبادی

(c) جوشؔ ملیح آبادی (d) اخترؔ شیرانی

(ii) "اچھے اچھوں" سے کیا مراد ہے؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے:

(a) بڑے بڑے لوگ (b) درباری لوگ

(c) سرکاری لوگ (d) انگریز لوگ

(iii) منھ لٹکنے کے باوجود لوگوں کے دل میں کیا اٹکا ہوا تھا؟ ایک لفظ میں جواب دیجیے۔

(iv) ہاتھی کس طرح چل رہے تھے؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) شاعر نے زرّیں جھولوں کے بارے میں کیا بتایا ہے؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

## حصّہ – ب: تحریری مہارت (25 نمبر)

## SECTION – B : Writing Skill (25 Marks)

.5 درج ذیل میں سے کسی **ایک** موضوع پر 250 سے 300 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے: **1 × 10 = 10**

(i) آلودگی: ایک سنگین مسئلہ

(ii) وقت کی اہمیت

(iii) میرا پسندیدہ کھیل

.6 (a) اسکول میں اضافی کلاسوں کا انتظام کرانے کے لیے پرنسپل کے نام درخواست لکھیے۔ **1 × 4 = 4**

**یا (OR)**

(b) بڑی بہن کو خط لکھ کر اپنی تعلیمی سرگرمیوں کے بارے میں بتایئے۔

.7 (a) الطاف حسین حالی کی نثر نگاری پر 100 الفاظ میں نوٹ لکھیے۔ $1 \times 4 = 4$

یا (OR)

(b) 'بھولا' یا 'منگو کوچوان' کے کردار پر نوٹ تحریر کیجیے۔

.8 (a) آصغر گونڈوی کی شاعری پر 100 الفاظ میں نوٹ لکھیے۔ $1 \times 3 = 3$

یا (OR)

(b) نظم ''او دیس سے آنے والے بتا!'' کا خلاصہ 100 الفاظ میں تحریر کیجیے۔

.9 (a) افسانہ '' آن دیوتا'' یا خاکہ ''جگر صاحب'' کا خلاصہ 100 الفاظ میں لکھیے۔ $1 \times 4 = 4$

یا (OR)

(b) پریم چند کی افسانہ نگاری یا مولوی عبدالحق کی خاکہ نگاری پر 100 الفاظ میں نوٹ لکھیے۔

## حصّہ – ج: عملی قواعد (20 نمبر)

## SECTION – C : Functional Grammar (20 Marks)

.10 'فعل' سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے:

(i) درج ذیل فعلِ متعدی، فعلِ ناقص اور فعلِ مرکب کی مثالیں ہیں۔ ہر جملے کے بارے میں بتائیے کہ یہ فعل کی کون سی قسم ہے؟ $3 \times 1 = 3$

(a) ڈاکٹر مریض کو دیکھ رہا ہے۔

(b) آج میں بہت خوش ہوں۔

(c) وہ بغیر سوچے سمجھے بولتے چلے گئے۔

(ii) وہ کام جو موجودہ وقت میں ہو رہا ہو، اسے کیا کہتے ہیں؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے درست جواب چن کر لکھیے:

**1 × 1 = 1**

(a) فعلِ ماضی (b) فعلِ حال

(c) فعلِ مستقبل (d) فعلِ مجہول

(iii) جس فعل کا فاعل معلوم ہو، اسے کیا کہتے ہیں؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے درست جواب چن کر لکھیے:

**1 × 1 = 1**

(a) فعلِ لازم (b) فعلِ متعدی

(c) فعلِ مرکب (d) فعلِ معروف

11. علمِ بیان اور علمِ بدیع سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے:

(i) اس شعر کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے: **3 × 1 = 3**

نازکی اس کے لب کی کیا کہیے پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

(a) اس شعر میں کس چیز کو تشبیہ دی گئی ہے؟

(b) کس چیز سے تشبیہ دی گئی ہے؟

(c) تشبیہ کی وجہ بتائیے۔

(ii) کسی بات کو پوشیدہ رکھ کر کہنے یا مخفی اشارہ کرنے کو کیا کہتے ہیں؟ **1 × 1 = 1**

(a) تشبیہ (b) استعارہ

(c) کنایہ (d) تلمیح

(iii) درج ذیل میں سے تلمیح کسے کہہ سکتے ہیں؟ $1 \times 1 = 1$

(a) کسی بات کا فرضی سبب بیان کرنا

(b) کسی مشہور واقعے کی طرف اشارہ کرنا

(c) کلام میں متضاد الفاظ جمع کرنا

(d) کسی لفظ کو مجازی معنی میں استعمال کرنا

12. محاوروں اور کہاوتوں سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے :

(i) درج ذیل محاوروں اور کہاوتوں میں سے چار کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے : $4 \times 1 = 4$

(a) نام روشن کرنا (b) ہوا سے باتیں کرنا

(c) آنکھیں پھیرنا (d) مچھلی کے جائے کو تیرنا کون سکھائے

(e) لاکھ کا گھر خاک ہو گیا (f) چور کی ڈاڑھی میں تنکا

(ii) درج ذیل میں سے کسی **ایک** کے پیچھے کوئی واقعہ یا کہانی ضرور ہوتی ہے : $1 \times 1 = 1$

(a) محاورہ (b) کہاوت

(c) فقرہ (d) روزمرّہ

(iii) درج ذیل تین جملوں پر غور کیجیے اور بتائیے کہ کس جملے میں محاورہ استعمال ہوا ہے؟ $1 \times 1 = 1$

مایا خوش ہو گئی۔ بھولا منھ بسورنے لگا۔ اس نے کہا" بابا میری کہانی، میری کہانی۔"

(a) پہلے (b) دوسرے

(c) تیسرے (d) پہلے اور تیسرے

13. رموزِ اوقاف سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے: $2 \times 1 = 2$

(i) وہ نشان بنائیے جو جملے میں حیرت کا اظہار کرنے کے لیے لگایا جاتا ہے۔

(ii) اس علامت کو کیا کہتے ہیں جو کسی شخص یا بات کی تفصیل بتانے سے پہلے لگاتے ہیں؟

(a) ختمہ (b) سکتہ

(c) رابطہ (d) سوالیہ

14. شعری اصطلاحات کے بارے میں درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے:

(i) درج ذیل شعر کے قافیے بتائیے: $1 \times 1 = 1$

درد منّت کشِ دوا نہ ہوا میں نہ اچھا ہوا برا نہ ہوا

(ii) غزل کے آخری شعر کو کیا کہتے ہیں؟ $1 \times 1 = 1$

(a) مطلع (b) حسنِ مطلع

(c) شاہ بیت (d) مقطع

## حصّہ – د: ادب (15 نمبر)

## SECTION – D : Literature (15 Marks)

15. درج ذیل سوالات میں سے دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے: (نوائے اردو: حصّۂ نثر) $2 \times 2 = 4$

(i) کہانی سنتے وقت بھولا خوش کیوں نہیں تھا؟

(ii) منگو کوچوان کی انگریزوں سے نفرت کی کیا وجوہات تھیں؟

(iii) سلمیٰ اور کشن کنور کی مشکیں کسنے کا کیا سبب تھا؟

(iv) مخلوط زبان کا کیا مطلب ہے؟

16. درج ذیل سوالات میں سے دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے: (نوائے اردو: حصۂ نظم) **2 × 2 = 4**

(i) ذوقؔ کے اس شعر کا مطلب لکھیے:

لائی حیات، آئے، قضا لے چلی، چلے  اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے

(ii) شادؔ عظیم آبادی کی غزل میں 'نایاب ہیں ہم' کا کیا مطلب ہے؟

(iii) نظم 'گرمی اور دیہاتی بازار' میں شاعر نے کس طرح کی منظر کشی کی ہے؟

(iv) نظم 'او دیس سے آنے والے بتا!' کے شاعر نے وطن سے آنے والے شخص سے کئی سوال کیے ہیں۔ ان میں سے کوئی دو سوال بتائیے۔

17. درج ذیل سوالات میں سے دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے: (گلزارِ اردو) **2 × 2 = 4**

(i) گلی ڈنڈے کو کھیلوں کا راجا کیوں کہتے ہیں؟

(ii) افسانہ 'دو فرلانگ لمبی سڑک' میں بڑے آدمی کے استقبال کا کیا منظر بیان کیا گیا ہے؟

(iii) افسانہ 'اَن دیوتا' میں مصنف نے کال کا ذمہ دار کسے بتایا اور اس کی وجہ کیا بتائی ہے؟

(iv) مولوی عبدالحق نے نور خاں کو گدڑی کا لال کیوں بتایا ہے؟

18. درج ذیل میں سے کسی **ایک** صنف کے بارے میں تفصیل سے لکھیے: **1 × 3 = 3**

(i) افسانہ

(ii) غزل

(iii) نظم